Question NO. 5730 by Honourable Amna Sardar, MPA

Remove Watermark Now

<table>
<tr><th>Question</th><th>Answer</th></tr>
<tr><td>Will Minister for Higher Education brief us about<br>a. Whether it is true that Under Prime Minister's Laptop Scheme, Laptops are awarded to students of University of Peshawar?<br>b. If Answer is yes then what was the procedure for distribution and how many students were being awarded their names along with department details may be provided.</td><td>Prime Minister National Laptops Scheme:<br><br>This scheme was launched in 2013-14 with a target to procure and distribute 100,000 laptops amongst the students studying in Pakistan and AJ&K. HEC was given the responsibility to devise the mechanism of distribution of 100,000 laptops after procurement through open competitive bidding.<br><br>On the directives of the Prime Minister of Islamic Republic of Pakistan, the Government of Pakistan has initiated a national program for distribution of laptops to young and bright students studying in public sector higher education institutes (HEIs) across the country and Azad Jammu & Kashmir. The scheme is part of the Prime Minister's Youth Programs for FY2013-14. The Higher Education Commission (HEC) of Pakistan is the executing agency responsible for developing criteria, mechanism, modalities and a road map for procurement and distribution of laptops under this scheme.<br><br>Project encompassed the distribution of Laptops along with carrying backpack Bags and a EVO Device to the students enrolled in any of the public sector universities or degree awarding institutes duly recognized by the Higher Education Commission of Pakistan. In addition, 5% quota has been reserved for the students studying in Government Polytechnic Institutes across Pakistan and AJ&K.<br><br>Modus Operandi for Distribution of Laptops:<br>The Prime Minister National laptop Scheme Project Management, advertise the PM Laptop Scheme in all important daily newspaper and students from all universities apply directly on the website i.e. pmnls.hec.gov.pk. The HEC then send the list of all students who applied for verification of the student's data to the University concerned.<br>The data is then verified by the respective teaching department through their online login given by the HEC for departmental focal person. Afterwards the HEC generate the Provisional Merit List of the students, if students have grievances they are directed to approach their concerned departments for rectification the same is then forwarded to the HEC for rectification.<br>Finally the HEC generates the final merit list on the basis of which an SMS and email is sent to the students to collect their laptops from University Administration on specific dates. Meanwhile the Directorate of Admissions, University of Peshawar deputes its official's for entry of the particulars through online system on HEC web portal after confirmation of the necessary requisite information the student is awarded laptop.</td></tr>
</table>

pdfelement

Remove Watermark Now

سوال نمبر 5730 منجاب محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

| سوال | جواب |
|---|---|
| (الف) آیا یہ درست ہے کہ وزیراعظم کی لیپ ٹاپ سکیم کے ذریعے پشاور یونیورسٹی کے طلباء و طالبات کو لیپ ٹاپ فراہم کیے گئے ہیں؟<br><br>(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیم کے لیے یونیورسٹی انتظامیہ کی جانب سے کیا طریقہ کار اپنایا گیا ہے نیز ۲۰۱۳ء سے لے کر اب تک جن طلباء و طالبات کو مذکورہ سکیم سے لیپ ٹاپ دیے گئے ہیں ان کے نام بمعہ ڈیپارٹمنٹ کی تفصیل Year Wise فراہم کی جائے۔ | **وزیراعظم نیشنل لیپ ٹاپ سکیم**<br>یہ سکیم 2013-14 میں اس عزم کے ساتھ شروع کیا گیا کہ پاکستان اور آزاد کشمیر میں پڑھنے والے طلباء کے درمیان ایک لاکھ لیپ ٹاپ تقسیم کیے جائیں گے۔ ایچ ای سی کو یہ تمام ذمہ داری سونپی گئی کہ وہ اوپن بولی کے ذریعے اِن لیپ ٹاپس کو خریدے گا اور پھر اُن کو تقسیم کرنے کا طریقہ کار بھی وضع کرے گا۔<br>وزیراعظم، اسلامی جمہوریہ پاکستان کی ہدایت کے مطابق حکومتِ پاکستان نے ملک کے بیشتر پبلک سیکٹر تعلیمی اداروں اور آزاد جموں و کشمیر کے ہونہار طلباء میں لیپ ٹاپ کی تقسیم کا ایک قومی پروگرام کا آغاز کیا۔ یہ سکیم وزیراعظم یوتھ پروگرام FY2013-14 کا حصہ ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) اس سکیم کے تحت لیپ ٹاپ کی تقسیم اور حصول کے لیے طریقہ کار، اصول اور اگلے مراحل میں جانے کے متعلق طریقہ کار وضع کرنے کی ذمہ دار ہے۔<br>اِس پروجیکٹ کے تحت اُن تمام طلباء کو جو ایچ ای سی سے منظور شدہ کسی بھی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں یا ڈگری دینے والے اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو اُن کو میرٹ کے مطابق لیپ ٹاپ بمعہ بیگ اور EVO ڈیوائس فراہم کرے گا۔<br>مزید برآں اس میں 5% فیصد کوٹہ اُن طلباء کے لیے مختص کیا گیا ہے جو پاکستان یا آزاد جموں و کشمیر کے گورنمنٹ صنعت و حرفت سے وابستہ اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔<br>وزیراعظم کے نیشنل لیپ ٹاپ سکیم کے پروجیکٹ مینجمنٹ نے پرائم منسٹر لیپ ٹاپ سکیم کو تمام ضروری قومی اخبارات میں شائع کیا ہے اور تمام یونیورسٹیوں سے وابستہ طلباء خود ایچ ای سی کے ویب سائٹ جو کہ pmnls.hec.gov.pk ہے پر درخواست دے سکتے ہیں۔<br>ایچ ای سی اِن تمام طلباء کا ریکارڈ متعلقہ یونیورسٹیوں کو جانچ پڑتال کے لیے بھیج دیتی ہے۔ متعلقہ ٹیچنگ سٹاف اِس ریکارڈ کی جانچ پڑتال آن لائن login کے ذریعے کرتا ہے جو ایچ ای سی نے مرکزی شخص کو دی ہوتی ہے جس کے بعد ایچ ای سی پروونژنل میرٹ لسٹ نکالتا ہے۔ اگر کسی طلباء کو کسی قسم کی شکایت ہو تو وہ اپنے متعلقہ ڈیپارٹمنٹ میں جا کر اس کو درست کروا سکتے ہیں اور پھر اِس ریکارڈ کو ایچ ای سی درستگی کے لیے بھیج دیا جاتا ہے۔<br>آخر کار ایچ ای سی فائنل میرٹ لسٹ نکالتا ہے اور طلباء کو ایس ایم ایس (SMS) یا ای میل (Email) بھیج دی جاتی ہے جس کی بنیاد پر وہ اپنا لیپ ٹاپ یونیورسٹی انتظامیہ سے متعین تاریخوں میں وصول کر سکتے ہیں۔<br>اِسی اثناء میں ڈائریکٹر ایڈمیشن اپنے نمائندوں کو ایچ ای سی کے آن لائن سسٹم کے ذریعے تمام ڈیٹا کو چیک کرنے کے لیے مامور کر دیتا ہے اور تمام لوازمات کی تصدیق کے بعد طلباء کو لیپ ٹاپ دے دیا جاتا ہے۔ |

pdfelement